السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

1-صدقہ فطر کی ادائیگی میں گندم کی کون سے دن کی قیمت کا اعتبار ہوتا ہے؟ یکم رمضان کو گندم کی قیمت یا جس دن صدقہ فطر ادا کیا جارہا ہے اس دن کی قیمت یا عید کے دن کی قیمت؟

2-اگر کسی نے رمضان کے شروع میں صدقہ فطر اس دن کی گندم کی قیمت کے لحاظ سے ادا کر دیا اور چند دن بعد رمضان ہی میں یا عید کے دن گندم کی قیمت میں اضافہ ہو گیا تو اب اس شخص کے لیے مزید رقم ادا کرنی ضروری ہے یا نہیں؟

سائل: محمد تنویر الطاف

پتہ: گاؤں گوہل، تحصیل لاوہ، ضلع چکوال

فون نمبر:03060955144

میل ایڈریس:m.tanveeraltaf@gmail.com

Scanned with CamScanner

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب حامداً و مصلیاً

(۱)۔۔صورت مذکورہ میں جس دن صدقہ فطر ادا کریں اس دن کی گندم کی قیمت کا اعتبار ہو گا اور اگر اعلیٰ اور ادنیٰ ہونے کے اعتبار سے قیمتیں مختلف ہوں تو درمیانے درجے کے اعتبار سے صدقہ فطر ادا کریں۔

(۲)۔۔جب ایک دفعہ پونے دو کلو یا احتیاطاً دو کلو گندم کی قیمت بطور صدقہ فطر ادا کر دی تو صدقہ فطر ادا ہو گیا۔اب بعد میں اگر گندم کی قیمت میں اضافہ ہو جاتا ہے تو اسکی وجہ سے مزید رقم دینے کی ضرورت نہیں۔ واللہ اعلم بالصواب

محب الحق غفر اللہ لہ

دارالافتاء جامعہ دارالعلوم کراچی

بیت المکرم گلشن اقبال

۶ محرم الحرام ۱۴۴۳ھ/ 15 اگست 2021

دار الافتاء

الجواب صحیح

بندہ [illegible]

مفتی جامعہ دارالعلوم کراچی

۸/ محرم الحرام ۱۴۴۳ھ/۱۷/ اگست 2021

مفتی